ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(405)

24-07-2023

**بہاولپور(          )وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس نے ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ ( Drug Addict rehabilitation squad)نے افتتاح کے بعد کام شروع کر دیا ہے ۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے۔ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس کی طرف سے ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے افتتاح کے بعد کام شروع کر دیا۔اسکواڈ انچارج سب انسپکٹر محمد ایوب نے اپنی ٹیم کنسٹیبلان محمد محبوب، اسد اللہ، اظہر سعید، محمد ندیم اور ڈرائیور کنسٹیبل محمد مبین کے ہمراہ نشے کے عادی افراد کو بہاولپور شہر کے مختلف علاقوں سے (pick) کر کے پولیس لائنز میں قائم عادی منشیات بحالی ہسپتال لایا جا رہا ہے۔ہسپتال میں ان افراد کو فری رہائش، بہترین کھانا، دھوبی، ہیئر کٹنگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔محکمہ پولیس نے دیگر سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے تعاون نشے کے عادی افراد کا خصوصی طور پر علاج معالجہ شروع کر دیا ہے اور انکی زندگی کی طرف بحالی کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔ نشے کے عادی افراد کی بحالی کے بعد انہیں ان کی فیملیز کے حوالے کیا جائے گا۔علاج معالجہ کے بعد ان کا مکمل فالو اپ لیا جائے گا تا کہ وہ دوبارہ اس لت میں نہ پڑ سکیں۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھر پور کوشش جاری ہے، یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہے اور ہمارا فرض بھی۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم کیا ہے جس کو انشا اللہ ہر صورت پورا کیا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ منشیات کے عادی افراد کو بغرض علاج معالجہ ہسپتال منتقل کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(406)

مورخہ 24.07.2023

## بہاولپور(            )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات ,شراب و ناجائز اسلحہ برآمد، ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی، تھانہ کینٹ، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ اوچشریف اور تھانہ ڈیراور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 ملزمان عاطف عرف عاطی، ذیشان رفیق، ابراہیم، عمران، سلیم، سلیم شہزاد اور عباس کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 09 کلو 190 گرام چرس جبکہ تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 01 ملزم عقیل شیخ کو حراست میں لے کر اس کے قبضہ سے 30 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی ۔اسی طرح اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور تھانہ بغداد الجدید پولیس 02 ملزمان حسن اور تنویر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے ۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔




بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے منشیات، شراب و اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا